تبصرے

پیامبر جلد دوم (انگریزی) تقطیع متوسط، ضخامت ۲۶۵ صفحات، ٹائپ جلی اور روشن قیمت مجلد بارہ روپے۔ پتہ: شیخ محمد اشرف، تاجرِ کتب، کشمیری بازار، لاہور۔

اصل کتاب جو فارسی میں ہے اس کے مصنف ایران کے ایک مشہور اہلِ قلم زین العابدین راہنما ہیں۔ اور زیرِ تبصرہ کتاب اس کا انگریزی ترجمہ مسٹر L.P. ELWELT SUTTON کے قلم سے ہے۔ یہ کتاب کی دوسری جلد ہے۔ پہلی جلد پر انھیں صفحات میں تبصرہ کئی مہینے ہوئے نکل چکا ہے۔ کتاب کا موضوع سیرتِ نبویؐ ہے۔ اس موضوع پر ہزاروں کتابیں چھوٹی بڑی مختلف زبانوں میں شائع ہو چکی ہیں، لیکن واقعہ یہ ہے کہ مصنّف نے اپنے دکھ اور درد کے دنوں میں وسیع مطالعہ کے بعد سیرتِ نبویؐ افسانہ و کہانی کے پیرایہ میں کچھ اس عجیب وغریب انداز سے لکھی ہے کہ قلب پر بیساختہ اثر ہوتا اور زبان سے جگہ جگہ احسنت نکلتا ہے۔ پھر لطف یہ ہے کہ جو جوش و اثر اصل میں ہے فاضل مترجم نے زبان پر مکمل قدرت کے باعث اسے ترجمہ میں بھی بلعینہٖ باقی رکھا ہے۔ اس جلد میں بعثتِ نبوی (یعنی جب آپؐ پیغمبر ہوئے) سے لے کر ہجرتِ مدینہ تک کی سرگذشت ہے، لیکن کتنی مؤثر اور دل نشیں؟ کہ بس پڑھتے جائیے اور جھومتے جائیے، حقیقت کی حقیقت اور افسانہ کا افسانہ! ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق اس سے بہتر اور کیا ہوگا!

الرسائل القشیریہ: مرتبہ و مترجمہ ڈاکٹر پیر محمد حسن۔ تقطیع متوسط، ضخامت کاغذ اعلیٰ ٹائپ باریک مگر روشن، قیمت مجلد دس روپے۔

پتہ:- دی سنٹرل انسٹیٹیوٹ آف اسلامک ریسرچ۔ حیدر علی روڈ۔ کراچی۔ ۵